**25.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فرقان خان

Music

.........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ عالمی غیر یقینی کے درمیان ماہرین، بھارت کی تیز رفتار ترقی کے تئیں پُراعتماد ہیں۔

☆ CBI نے GainBitcoin کرپٹو کرنسی گھپلے کے سلسلے میں ملک بھر میں 60 مقامات پر چھاپے مارے ہیں۔

☆ آتشی سمیت عام آدمی پارٹی کے 21 ارکانِ اسمبلی کو دلّی اسمبلی کے جاری اجلاس کی تین نشستوں کیلئے معطل کر دیا گیا ہے۔

☆ کانگریس کے سابق رکن پارلیمنٹ سجّن کمار کو 1984 کے سکھ مخالف فساد سے متعلق معاملے میں عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

☆ بنگلہ دیش میں اطلاعات و نشریات کے مشیر ناہد اسلام نے عبوری حکومت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ اور...... ICC چمپئنس ٹرافی کرکٹ میں راولپنڈی میں جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے درمیان گروپ۔B کا مقابلہ مسلسل بارش کے سبب منسوخ کر دیا گیا۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM Assam Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ عالمی پیمانے پر غیریقینی کی صورتحال کے ماحول میں، دنیا بھر کے ماہرین بھارت کے تیزی کے ساتھ ترقی کرنے کے بارے میں پر یقین ہیں۔

آج تیسرے پہر گواہاٹی میں ایڈوانٹیج آسام 2.0 سرمایہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کی سربراہ کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت کی ترقی میں یہ اعتقاد، بڑی تعداد میں اس کی نوجوان آبادی کی وجہ سے ہے جو تیزی کے ساتھ مہارت حاصل کر رہے ہیں اور اختراعات کی قیادت کر رہے ہیں۔

S/B 2100 PM Growth

وزیر اعظم نے بتایا کہ ان کی حکومت کنیکٹی ویٹی، بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرنے پر کام کر رہی ہے نیز شمال مشرقی خطے میں مقامی سپلائی چینز کو بھی مستحکم کر رہی ہے۔

S/B 1400 PM On Infrastucture

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ آسام سرکار نے کاروبار کرنے میں آسانی کا ایک ماحول وضع کیا ہے نیز صنعتوں کیلئے اب تک کی بہترین پالیسیاں تیار کی ہیں۔ علاوہ ازیں، اس نے 2030 تک ڈیڑھ ارب کی معیشت بننے کا ہدف مقرر کیا ہے۔بعد میں دن میں وکست بھارت کیلئے آسام میں ''ایڈوانٹیج سیمی کنڈکٹر Horizons'' سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ آسام، بھارت کا ترقی کا انجن ہوگا کیونکہ حکومت اس علاقے کی ترقی کیلئے زمینی طور پر کام کر رہی ہے۔

S/B Ashwini

انھوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ گواہاٹی میں ریلوے اسٹیشن کی آراضی پر ایک جدید ترین IT مرکز بنایا جائے گا۔ مرکزی وزیر موصوف نے بتایا کہ مرکز نے دو نئی امرت بھارت ریلوں، BTR علاقے میں ریل کے ڈبے تیار کرنے کے ایک یونٹ اور Lumding میں ریل کے انجن کی تعمیر نو کا ایک یونٹ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔

## MP GIS Amit Shah

داخلی امور اور امداد باہمی محکمے کے وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ترقی کے منتر کے ساتھ وراثت کے تحفظ کو مربوط کرکے مدھیہ پردیش حکومت، ریاست کو ترقی کی راہ پر گامزن کیے ہوئے ہے۔ جناب شاہ، آج بھوپال میں عالمی سرمایہ کاروں کی آٹھویں سربراہ کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اِس سمٹ کے دوران تقریباً 30 لاکھ 77 ہزار کروڑ روپے مالیت کی سرمایہ کاری کی تجاویز موصول ہوئی ہیں۔

2100- Amit Shah MoU=GIS

جناب شاہ نے کہا کہ یہ سمٹ، 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں مدد کرے گی۔

Final-Amit Shah- Viksit Bharat

مرکزی حکومت کی حصولیابیوں کو اجاگر کرتے ہوئے جناب امت شاہ نے کہا کہ NDA حکومت کے دوران گزشتہ 10 برس میں ملک نے ترقی کا ایک نیا باب رقم کیا ہے۔ اِس عرصے کے دوران 54 کروڑ افراد بینکوں سے مربوط ہوئے، GST اور سِنگل وِنڈو جیسی اصلاحات نافذ کی گئیں، 60 ہزار کلو میٹر طویل شاہراہیں تعمیر کی گئیں اور ریل، سڑک اور فضائی رابطوں میں خاطر خواہ توسیع ہوئی۔ 300 سے زیادہ کمپنیوں کے مختلف صنعت کاروں اور CEOs سمیت 25 ہزار سے زیادہ افراد نے اِس سربراہ کانفرنس میں شرکت کی۔ x

## CBI Gainbitcoin SCAM

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے، GainBitcoin کرپٹو کرنسی گھپلے کے سلسلے میں ملک بھر میں 60 سے زیادہ مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں کیں۔ تلاشی کی یہ مربوط کارروائیاں دلّی NCR، پُنے، چنڈی گڑھ، ناندیڑ، کولہا پور اور بینگلورو سمیت بڑے شہروں میں کی جارہی ہیں، جن میں کلیدی ملزمان سے تعلق رکھنے والے مقامات کی تلاشی لی جارہی ہے۔ GainBitcoin اجیت بھاردواج کے ساتھ ساتھ امت بھاردواج اور ایجنٹوں کے اُن کے نیٹ ورک کے

ذریعے 2015 میں شروع کی گئی ایک مبینہ Ponzi اسکیم تھی۔ دھوکہ دھڑی کی اس اسکیم نے سرمایہ کاروں کو یہ کہہ کر راغب کیا کہ وہ 18 مہینے کیلئے Bitcoin میں دس فیصد ماہانہ فائدہ حاصل کریں گے۔
سرمایہ کاروں کو ایکسچینجز سے Bitcoin خریدنے کی حوصلہ افزائی کی گئی نیز انھیں کلاؤڈ مائننگ کنٹریکٹس کے ذریعے GainBitcoin میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے ترغیب دی گئی۔ ملک بھر میں کثیر FIRs درج کی گئیں، جن میں بڑے پیمانے پر دھوکہ دھڑی اور پیسہ اینٹھنے کا الزام لگایا گیا تھا۔x

## Delhi Assembly

آتشی، گوپال رائے، عمران حسین اور وِشیش روی سمیت عام آدمی پارٹی کے 21 ایم ایل ایز کو، دلّی اسمبلی کے جاری اجلاس کے تین نشستوں کیلئے معطل کردیا گیا ہے۔ انھیں آج اسمبلی میں لیفٹیننٹ گورنر ونئے کمار سکسینہ کے خطاب کے دوران ان کے غیرمناسب برتاؤ کی وجہ سے معطل کیا گیا۔ اس سلسلے میں دلّی کے وزیر پرویش صاحب سنگھ نے اپوزیشن کے ان MLAs کے خلاف کارروائی کرنے کیلئے ایک تحریک پیش کی جسے صوتی ووٹ کے ذریعے ایوان میں منظور کیا گیا۔ جب آج صبح لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ ایوان سے خطاب کر رہے تھے تو اپوزیشن کے اراکین نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور بھگت سنگھ کی تصویروں کو دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کے چیمبرس سے مبینہ طور پر ہٹانے کیلئے نعرے بازی شروع کردی۔ حکمراں بی جے پی اس الزام کی پہلے ہی تردید کی ہے۔شور شرابے کے دوران، اسپیکر وجیندر گپتا نے بار بار ایوان میں معمول کی صورتحال برقرار رکھنے پر زور دیا، لیکن اپوزیشن کے ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ بعد میں اسپیکر نے احتجاج کر رہے بہت سے عام آدمی پارٹی کے ارکان قانون ساز اسمبلی کو، ان کے غیرمناسب برتاؤ کیلئے، ایوان سے ایک دن کیلئے معطل کردیا۔ اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ دلّی کی سرکار پالیسی رہنمائی کیلئے دستاویز کے طور پر، وکست دہلی سنکلپ منظور کرے گی اور عوام سے کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرے گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بدعنوانی سے پاک حکمرانی، خواتین کو بااختیار بنانے، صاف دلّی، یمنا کی صفائی کرنے اور صاف ستھرا پینے کا پانی فراہم کرنا نئی سرکار کے اہم توجہ کے شعبے ہیں۔ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ عام آدمی پارٹی MLAs نے اپنی معطّلی سے متعلق فیصلے پر اسمبلی کے باہر احتجاج کیا۔ اسی دوران، دلّی اسمبلی کا اجلاس مزید دو دن کیلئے بڑھا دیا گیا ہے۔x

## JPC One Nation One Election

ایک ملک ایک انتخاب سے متعلق مشترکہ کمیٹی کی میٹنگ آج پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران، کمیٹی نے قانونی ماہرین کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ 39 رکنی اس کمیٹی میں 27 اراکین لوک سبھا سے اور راجیہ سبھا سے 12 اراکین شامل ہیں۔x

## Sajjan Kumar Life Imprisonment

دلّی کی ایک عدالت نے آج کانگریس کے سابق رکن پارلیمنٹ Sajjan کمار کو، 1984 کے سکھ مخالف

دنگوں سے تعلق رکھنے والے قتل کے ایک کیس میں عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ خصوصی جج کاویری بویجا نے یکم نومبر 1984 کو جسونت سنگھ اور اُن کے صاحبزادے ترن جیت سنگھ کے قتل کے معاملے میں فیصلہ سنایا۔ سجن کمار ایک اور دنگے سے متعلق قتل کیس میں عمر قید کی سزا بھگت رہے ہیں اور ان کی اپیل سپریم کورٹ میں زیر التوا ہے۔x

## chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں آج بیجاپور ضلعے کے بَستر ڈویژن میں 9 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کر دی۔ اِن میں سے 4 ماؤنوازوں پر 23 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا تھا۔ اِن ماؤنوازوں نے CRPF اور پولیس کے سینئر عہدیداروں کے سامنے خود سپردگی کی۔ ماؤنوازوں پر کئی واقعات میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ خود سپردگی کرنے پر ریاستی سرکار کی خود سپردگی اور بازآبادکاری کی پالیسی کے تحت ہر ماؤنواز کو 25 ہزار روپے دیئے گئے۔ x

## PM Herath Poshte

وزیر اعظم نریندر مودی نے Herath کے موقع پر کشمیری پنڈتوں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ یہ تہوار، کشمیری پنڈتوں کی گوناگوں ثقافت سے قریبی تعلق رکھتا ہے۔ انہوں نے ہر کسی کیلئے اچھی صحت اور خوشحالی کی دعا کی۔ x

## Goyal Free Trade Agreement

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور برطانیہ کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ، دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ جناب گوئل نے آج نئی دلّی میں برطانیہ کے کاروبار اور تجارت کے وزیر جوناتھن رینالڈس کی زیر قیادت ایک وفد کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران فریقین نے، ایک شفاف، باہمی طور پر مستفید اور متوازن آزاد تجارتی معاہدہ کرنے کے تئیں کاوشوں کو تیز کرنے میں ابھی تک کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ جناب گوئل نے اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنے اور بھارت-برطانیہ شراکت داری کو مزید فروغ دینے کے تئیں مودی حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ امریکہ کے کاروبار اور تجارت کے وزیر جوناتھن رینالڈس نے، نئی سرکار کی تشکیل کے بعد، پہلی مرتبہ بھارت کا دورہ کیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ میٹنگ کے دوران مختلف معاملات پر انتہائی مثبت تبادلہ خیال کیا گیا۔

S/B 2100 Piyush Goyal FTA

## EPFO Members

ملازمین کی پرووڈنٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے گذشتہ سال دسمبر کے دوران مجموعی طور پر 16 لاکھ سے زیادہ اراکین کا اضافہ کیا۔ یہ نومبر 2024 میں اضافہ کئے گئے اراکین کے مقابلے میں 9 اعشاریہ چھ نو فیصد کا اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ لیبر اور روزگار کی وزارت کے مطابق EPFO نے دسمبر 2024 میں تقریباً آٹھ لاکھ 47 ہزار نئے

سبسکرائبر کا اندراج کیا ہے۔ وزارت نے بتایا کہ 18 سے 25 سال کی عمر کے گروپ میں چار لاکھ 85 ہزار نئے سبسکرائبر کا اضافہ کیا گیا ہے۔x

## Mahakumbh Last Day

اب خبریں پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ سے

Opening Montage

پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ کل مہاشوراتری کے پوتر موقع پر اختتام پذیر ہوجائے گا۔ 45 روزہ اِس عظیم الشان روحانی تقریب میں 64 کروڑ 47 لاکھ سے زیادہ عقیدتمند شامل ہوچکے ہیں۔ اِس تقریب کے محفوظ طریقے سے اختتام پذیر ہونے کو یقینی بنانے کیلئے اترپردیش حکومت نے تیاریاں کی ہیں۔ انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹریفک سے متعلق انتظامات کی پابندی کریں اور عقیدتمندوں کی سہولت اور ٹریفک کے بلا رکاوٹ جاری رہنے میں تعاون کریں۔ x

## Weather Uttarakhand

محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ آنے والے دنوں میں اتراکھنڈ میں بارش اور برفباری ہونے کا امکان ہے۔ محکمے کے ڈائریکٹر بکرم سنگھ نے کہا کہ مغربی جانب سے کل سے شروع ہونے والی موسمی تبدیلی کے ساتھ ہی ریاست کے کچھ اضلاع میں ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ انھوں نے بتایا کہ 27 اور 28 فروری کو اتراکھنڈ کے اکثر ضلعوں میں بارش ہونے کی توقع ہے نیز اونچے مقامات پر برفباری ہوسکتی ہے۔

S/B 2100 Final Bikram Singg Weather

## Punjab Raids

پنجاب میں، غیر قانونی ٹریول ایجنٹوں کے خلاف، پوری ریاست میں ایک روزہ ریاستی سطح کا ایک وسیع آپریشن کیا گیا ہے۔ ایک ہزار 274 امیگریشن فرموں کے خلاف چھاپے مارے گئے۔ 7 ٹریول ایجنٹوں کو، جو قصوروار پائے گئے، گرفتار کرلیا گیا ہے۔ امن وقانون کے خصوصی DGP اربپیت شکلا نے، جنھوں نے اس آپریشن کی نگرانی کی، بتایا کہ غیرقانونی ٹریول ایجنٹوں کے خلاف 24 فرسٹ انفارمیشن رپورٹ، FIRs درج کی گئی ہیں۔x

## MLC Campaign

تلنگانہ میں، MLC انتخابی مہم آج شام اختتام پذیر ہوگئی۔ وارنگل-کھمم-نالگونڈہ ٹیچرس حلقے اور کریم نگر-نظام آباد- عادل آباد- میدک ٹیچرس اور گریجویٹس MLC حلقوں کیلئے پولنگ اس مہینے کی 27 تاریخ کو ہوگی۔ ریاست بھر میں تقریباً 15 اضلاع پر محیط تین حلقوں میں مجموعی طور پر 90 امیدوار میدان میں ہیں۔ کریم نگر گریجویٹس حلقے میں تین لاکھ 41 ہزار سے زیادہ گریجویٹس ہیں تو دوسری جانب اسی حلقے میں 25 ہزار سے زیادہ ٹیچرس ہیں۔ BJP تمام

تین حلقوں میں چناؤ میدان میں ہے جبکہ BRS چناؤ نہیں لڑ رہی ہے۔ حکمراں کانگریس امیدوار ایک سیٹ پر انتخاب لڑ رہی ہے جبکہ باقی سیٹوں پر یہ یونین اراکین کی حمایت کر رہی ہے۔ اسی دوران، انتخابی حکام، پولنگ کیلئے مناسب انتظامات کر رہے ہیں۔x

## Bangladesh Leader

بنگلہ دیش میں طلبا لیڈر ناہد اسلام نے نئی سیاسی پارٹی میں شامل ہونے کی قیاس آرائیوں کے درمیان عبوری حکومت میں اطلاعات و نشریات کے مشیر کی حیثیت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ ناہد اسلام، ڈھاکہ یونیورسٹی کے ایک سابق طالب علم ہیں اور اُنہیں بھید بھاؤ مخالف طلبا تحریک کے دوران اہم شخصیت کے طور پر مقبولیت حاصل ہوئی تھی، جس کے بعد مظاہروں کے سبب وزیر اعظم شیخ حسینہ کو استعفیٰ دینا پڑا تھا۔ x

## Cricket ICC Champions Trophy

مردوں کے ICC چمپئنس ٹرافی کرکٹ میں راولپنڈی میں آج آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے درمیان گروپ۔B کا ایک اہم مقابلہ مسلسل بارش کے سبب منسوخ کر دیا گیا۔ دونوں ہی ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ ملا۔ اِس میچ کے نہ ہو پانے کی وجہ سے انگلینڈ اور افغانستان کے درمیان کل ہونے والا مقابلہ نہایت دلچسپ ہوگیا ہے کیونکہ ہارنے والی ٹیم، ٹورنامنٹ سے باہر ہوجائے گی۔ اِس سے قبل ٹورنامنٹ میں جنوبی افریقہ نے افغانستان کو 107 رن سے، جبکہ آسٹریلیا نے انگلینڈ کو 5 وکٹ سے ہرایا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆